بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

86- مزنگ روڈ، لاہور

مراسلہ نمبر: 110 - رجسٹریشن

مورخہ: 16 دسمبر، 2020ء

نوٹیفیکیشن

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات

ملحقہ لاہور بورڈ

عنوان:۔ آن لائن رجسٹریشن/داخلہ شیڈول برائے گیارہویں جماعت (CLASS-XI) تعلیمی سیشن 2022ء - 2020ء بعد از اشاعت نتیجہ سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ سپلیمنٹری امتحان 2020ء

آپ کی اطلاع کے لیے تحریر ہے کہ گیارہویں جماعت (CLASS-XI) کی آن لائن رجسٹریشن/داخلہ برائے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ سپلیمنٹری امتحان (2020ء) کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔ جس میں رجسٹریشن فیس مبلغ -/800 روپے، پروسیسنگ فیس مبلغ -/395 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ -/100 روپے فی طالب علم/طالبہ مقرر ہے۔

سیریل نمبر	شیڈول	اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری کرنے اور بینک میں فیس جمع کروانے کے بعد آن لائن اصل بینک چالان، رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، مالیاتی فارم (بمع ایک عدد فوٹو کاپی) اور فارورڈنگ لیٹر کی فوٹو کاپی بورڈ ہذا میں جمع کروانے کی حتمی تاریخیں (الحاق لیٹر لازمی منسلک کریں)
i	رجسٹریشن/داخلہ برائے گیارہویں جماعت (CLASS-XI) بغیر لیٹ فیس	21- دسمبر 2020ء تا 15- جنوری 2021ء
ii	-/500 روپے لیٹ فیس فی طالب علم/طالبہ کے ساتھ گیارہویں جماعت (CLASS-XI) میں رجسٹریشن/داخلہ (لیٹ فیس بھی بورڈ کو واجب الادا ہوگی)	16- جنوری 2021ء تا 22- جنوری 2021ء
iii	اداروں میں درج بالا تاریخوں تک داخل کیے گئے طلباء و طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن یومیہ جرمانہ مبلغ -/500 فی گروپ/فی بیچ (Batch) کے ساتھ جمع کروانے کا معاملہ	ایسے طلباء و طالبات جن کا داخلہ اداروں میں مقرر کردہ درج بالا شیڈول ٹائم میں ہوا مگر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی/نہ ہی BATCH بن سکے/نہ ہی دفتر ہذا میں رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی تو ان امیدواروں کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ کے علاوہ یومیہ مبلغ -/500 روپے جرمانہ فی گروپ/فی بیچ (BATCH) کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ تین گنا فیس (Tripple Fee) شیڈول کی آخری تاریخ تک وصول کی جائے گی۔

ہدایات

درج بالا تاریخوں کے بعد کسی بھی ادارے کو رجسٹریشن/داخلہ کی اجازت نہیں ہوگی۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول ٹائم میں دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ رجسٹریشن ریٹرن "لیگل (8.5×14) سائز صفحہ پر پرنٹ کریں۔ لینڈ سکیپ (LANDSCAPE) پرنٹ کے علاوہ وصول نہیں کی جائے گی۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ (www.biselahore.com) پر بھی دستیاب ہے مینول (MANUAL) رجسٹریشن ریٹرن ہرگز قابل قبول نہیں ہوگی۔ دفتر ہذا ادارہ جات میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی طالب علم/طالبہ کا اصل رجسٹر داخل خارج ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کے لیے منگوا سکتا ہے۔ سربراہان ادارہ جات سے گذارش ہے کہ مزید معلومات اور رہنمائی کے لئے "کتابچہ" (BOOKLET) میں درج ہدایات ملاحظہ کریں اور ان پر سختی سے عمل کریں۔ "کتابچہ" کی قیمت مبلغ -/200 روپے تمام ادارہ جات جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

اویس سلیم ہمایوں

سیکرٹری